**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 06 اگست 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی ( آئیسکو ) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

06 اگست 2026 کو راولپنڈی سٹی سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک چیئرنگ کراس، گولڑہ، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، ڈھوک سلیمان، شمس کالونی، قائدِ اعظم ہسپتال، جھنگی اور سی ڈبلیو او فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک بہلوٹ فیڈر اور صبح 6 بجے سے دوپہر 12 بجے تک انڈسٹریل اور شفیع چوہان فیڈرز، جبکہ جی ایس او سرکل میں صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک 132 کے وی گرڈ اسٹیشن راوت II کے پاور ٹرانسفارمر ٹی-2، صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو سی، ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگجانی۔ برہان لائن، اور صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی کھوٹہ سٹی۔ پالندری اور 132 کے وی نیو واہ۔ بہتر موڑ، اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے۔

پریس ریلز نمبر: 05-08/2026